نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین سے خصوصی ملاقات

لاہور:03اکتوبر2026 :وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین کے خصوصی خط کا فوری ریسپانڈ کرتے ہوئے زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں تعاون بارے کمیٹی تشکیل دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی سربراہی میں تشکیل کردہ اعلی سطحی کمیٹی گلگت بلتستان کے دورے پر ہے۔کمیٹی میں سیکرٹری زراعت پنجاب شکیل احمد میاں، سیکرٹری لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ اور سیکرٹری ایکواکلچر وفشریز رانا سلیم افضل و دیگر افسران شامل ہیں۔پنجاب کے وفد نے زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں بہتری اور جدت لانے کے لیے وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین سے تفصیلی ملاقات کی۔وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ہماری درخواست پر اپنے متعلقہ صوبائی وزیر اور ماہرین پر مشتمل ٹیم گلگت بلتستان بھیجنے پر بے حد مشکور ہیں۔گلگت بلتستان میں زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں ترقی سے نہ صرف مقامی کسانوں بلکہ گلگت بلتستان کی معیشت بھی مستحکم ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب کی موجودہ حکومت کے دور میں زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔

اس موقع پر سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر زرعی ترقی کے ماڈلز کو گلگت بلتستان میں متعارف کرانے کے لیے مکمل سپورٹ اور رہنمائی فراہم کی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب اور گلگت بلتستان کے مابین زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں کی ترقی کے لیے دونوں وزرائے اعلی کی موجودگی میں مفاہمتی یادداشت پر جلد دستخط کرنے کی تقریب منعقد ہوگی۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ دونوں صوبوں کے مابین زراعت، لائیوسٹاک اور فشریز کے شعبوں میں باہمی تعاون کے فروغ کے لیے ٹیکنیکل ورکنگ گروپس تشکیل دیے جا رہے ہیں۔گلگت بلتستان میں لائیوسٹاک کو بین الاقوامی مارکیٹ تک رسائی دلانے کے لیے سرٹیفکیشن کے نظام میں معاونت فراہم کی جائے گی۔حکومت پنجاب گلگت بلتستان کے ٹیکنیکل ہیومن ریسورس کی استعداد کار بڑھانے کیلئے تربیت فراہم کرے گی۔سید عاشق حسین کرمانی نے وزیراعلیٰ پنجاب

کسان کارڈ، لائیوسٹاک کارڈ،گرین ٹریکٹرز پروگرام، ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن، ماڈل اگیری مالز، زرعی گریجویٹ انٹرن شپ پروگرام، جھینگا فارمنگ اور ایف ایم ڈی فری زون بارے تفصیلی بریفنگ دی۔

☆☆☆☆